


قال الاحنفؒ:

"لا صديق لملول، ولاوفاء لكذوب، ولا راحة لحسود، ولامروءة لبخيل، ولا سؤ دد لسيئ الخلق"۔

[عيون الاخبار لابن قتيبة: 1/146]

احنفؒ نے کہا:

"رنج وملال میں رہنے والے کا کوئی دوست نہیں
اور جھوٹے کے لیے کوئی وفا نہیں
اور حاسد کے لیے کوئی راحت نہیں
اور بخیل کے لیے کوئی مروت نہیں
اور برے اخلاق والے کے لیے کوئی سرداری نہیں"۔

[ عيون الا خبار لابن قتيبة1/146]

## تعزیت

الھدیٰ گوجرانوالہ کی سٹاف ممبر نصرت علیم، AIS اسلام آباد کی سٹاف ممبر شفقت زمان اور اسلام آباد انسٹیٹیوٹ کی طالبہ سائرہ شمس کے انتقال پُر ملال پر الھدیٰ تمام اسٹاف و طالبات کی طرف سے تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن تینوں کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور اُن کے لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔ آمین۔

# میں نے سیکھا۔۔۔

## صحیح البخاری سے چند اسباق

- خوشی کے موقع پر تلاوت قرآن کو نہ بھولیں۔ نبی ﷺ فتح مکہ کے دن، مکہ میں داخل ہوتے ہوئے سورۃ الفتح کی آیات تلاوت فرما رہے تھے۔
- خوشی کے موقع پر جہاں قرآن پڑھیں وہاں اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتحمید بھی کریں، کیونکہ توفیق اسی نے دی ہے۔ اپنی مجالس میں علم کی کوئی نہ کوئی بات ضرور کریں۔
- چاشت کی نماز کی حفاظت کریں، کیونکہ جو اسے ادا کرتا ہے اسکے معاملات اللہ تعالیٰ کے سپرد ہو جاتے ہیں۔ یہ ابن آدم کے جوڑوں کا صدقہ بھی ہے۔
- ہر ایک کو عزت دیں اور علم والوں کی قدردانی کریں۔
- بیماری میں دعائیں خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی دعائیں اور تسبیحات بتائیں۔

نیلوفر جمیل ۔کراچی

## صحیح البخاری سے چند اسباق

- دین کا کام کرتے ہوئے اپنی ذات پر آنے والی تکالیف کو لوگوں کے سامنے بیان کر کے اپنے اجر کو ضائع نہیں کرنا۔
- اخلاص سے کئے گئے کام کی قدردانی اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے، اس لئے تعریف چاہنے کے لئے اپنے اچھے اعمال کا ذکر لوگوں سے نہیں کرنا۔
- نماز کے ذریعے انسان کا تعلق اللہ تعالیٰ سے مضبوط ہوتا ہے، اس لئے جو شخص نماز کا اہتمام کرتا ہے وہ مشکل حالات کا مقابلہ تحمل اور باوقار انداز سے کر سکتا ہے۔
- کوئی نیکی کر کے نفس میں تکبر نہ آنے پائے، اپنی نیکی کو بھی ایسے ہی پوشیدہ رکھنا ہے جیسے ہم اپنے گناہوں کو چھپاتے ہیں۔
- صحبت صالح، ایمان وتقوی کو بڑھانے کا ذریعہ ہے۔

عظمیٰ نورین۔ اسلام آباد

## شیطان کی چالوں سے کیسے بچیں؟

شیطان انسان کا ازلی دشمن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے: "یقیناً شیطان تمہارا دشمن ہے پس تم اسے اپنا دشمن ہی سمجھو" لٰہذا ضروری ہے کہ ہم شیطان کی چالوں کو سمجھیں اور ان سے بچنے کی کوشش کریں۔ درج ذیل امور پر عمل کر کے ہم اس کی چالوں سے بچ سکتے ہیں:

- **اللہ پر ایمان لانا:** اللہ پر سچا ایمان ہر مصیبت سے بالآخر نجات دیتا ہے۔
- **اللہ کے لئے اخلاص کا ہونا:** ہر نیک عمل کا اجر اور بدلہ صرف اللہ سے مانگیں۔ شیطان نیت میں خلل ڈال کر ہم سے نیکی کا اجر ضائع کرواتا ہے، لوگوں سے تعریف کی توقع نہ رکھیں۔
- **سنت کی پیروی کرنا:** شیطان کو بدعت، گناہ سے زیادہ عزیز ہے کیونکہ گناہ سے تو انسان توبہ کر لیتا ہے لیکن بدعت کو نیکی سمجھتا ہے اس لئے توبہ نہیں کرتا۔
- **سجدوں کی کثرت کرنا:** شیطان سجود سے تھکتا اور کمزور پڑتا ہے اس لئے فرض نماز کے علاوہ نوافل بھی ادا کریں۔

**سجدہ سہو کرنا:** یہ نماز کی کمی کو پورا کرنے کے لئے ہوتا ہے اور شیطان کو ذلیل کرنے کے مترادف ہے۔

- **شیطان کی گرہوں کو کھولنا:** ایک حدیث کے مطابق، سوتے وقت شیطان انسان کی گدی پر تین گرہیں لگاتا ہے اور کہتا ہے کہ ابھی رات لمبی ہے سوتے رہو پھر اگر وہ جاگ جاتا ہے اور ذکر کرتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے، جب وضو کرتا ہے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے، اگر نماز پڑھتا ہے تو ساری گرہیں کھل جاتی ہیں اور انسان ہشاش بشاش اٹھتا ہے ورنہ سست اور نفس کی خباثت کے ساتھ اٹھتا ہے۔
- **اللہ کا تقویٰ اختیار کرنا:** اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اگر تم تقوی اختیار کرو گے اور صبر کرو گے تو ان کی چالیں تم کو کچھ نقصان نہ دیں گی"۔

قرۃ العین خان ۔ پشاور




| امدادی درجہ بندی | روپے |
|---|---|
| ایک کلاس کی تعمیر کا خرچہ (اندازاً) | 2,500,000 |
| ایک کلاس روم کا فرنیچر | 110,000 |
| ایک کلاس روم کے لئے سرگرمی کا مواد | 90,700 |
| کمپیوٹرز | 1,950,000 |
| سائنس لیب فرنیچر اور آلات | 1,600,500 |
| لائبریری کی کتب اور دیگر وسائل | 1,150,000 |
| ایک پنکھا | 3,400 |
| سیمنٹ کا ایک تھیلا | 595 |
| ایک LED ٹیوب لائٹ اور فکسر | 1,750 |

Help Us BUILD the FUTURE

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل سکول
اکاؤنٹ نمبر: 0164278002(PKR)
بینک کا نام: دبئی اسلامک بینک
برانچ کا نام: I-8 مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان
برانچ کوڈ: 040
سوئفٹ کوڈ: DUIBPKKA
آئی بی این: PK71DUIB0S000000164278002
www.aispk.org/contribute

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7- اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
- سرپرست اعلیٰ - ڈاکٹر فرحت ہاشمی
- مینیجنگ ایڈیٹر - ڈاکٹر فردوس روحی
- ایڈیٹر - طاہرہ خان
- ایسوسی ایٹ ایڈیٹر - مریم افضل
- ڈیزائنر - بنت زاہد

# خدمتِ انسانیت

Al-Huda Cares!

### اجتماعی قربانی

آپ سب کے تعاون سے الہدیٰ نے اس سال بھی عیدالاضحیٰ کے موقع پر اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا۔ الہدیٰ برانچز کے تحت، پنجاب، خیبر پختون خواہ، کشمیر، سندھ اور بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں مستحق افراد میں گوشت تقسیم کرکے ان کو عید کی خوشیوں میں شریک کیا گیا۔

### صاف پانی کی فراہمی

الہدیٰ کے فراہمی آب پراجیکٹ کے تحت اس سال موسم گرما میں تھر پارکر کے دور دراز دیہاتوں میں 10 ہینڈ پمپ اور کوہاٹ اور مردان میں 2 ہینڈ پمپ لگوائے گئے۔ جن سے ان دیہاتوں کے رہائشیوں کو صاف پانی کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔



### بدین (سندھ) میں مسجد کی تعمیر

اللہ تعالیٰ کی مدد سے الہدیٰ کراچی ریجن نے بدین کے رہائشیوں کی درخواست پر خان محمد راحموں گاؤں میں مسجد کی تعمیر کامیابی سے مکمل کر لی ہے جس سے ان کو نماز باجماعت کی سہولت میسر آ گئی ہے۔



### نوشہرہ میں یتیم خانے کی بنیاد

الہدیٰ پشاور ریجن نے نوشہرہ میں "دارالہدیٰ گلونہ" (الہدیٰ کے پھول) نام سے یتیم خانے کی بنیاد رکھی ہے۔ آغاز میں 25 یتیم بچوں کی صاف ستھرے منظم ماحول میں نشوونما اور تعلیم و تربیت کا انتظام کیا گیا ہے۔ ان بچوں کو جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیم بھی دی جاتی ہے تاکہ وہ اچھے مسلمان اور پاکستان کے مفید شہری بن سکیں۔

### واہ کینٹ میں کمیونٹی سکول کا آغاز

معاشرے میں تعلیم کو عام کرنے کے لئے اور خصوصاً ان بچوں کی تعلیم کے لئے جن کے والدین غربت اور جہالت کی وجہ سے اپنے بچوں کو اسکول نہیں بھیج سکتے، الہدیٰ نے اپنی برانچز کے تحت لاہور، راولپنڈی، خیبر پختون خواہ اور دیگر ریجنز میں کمیونٹی سکولز قائم کیے ہیں جن میں ان بچوں کو جدید تعلیمی سہولیات کے علاوہ کتابیں، یونیفارم، دودھ اور پھل بھی مفت فراہم کیے جاتے ہیں۔ اسی سلسلے میں الہدیٰ برانچ آفیسرز کالونی واہ کینٹ کے زیرِ اہتمام حال ہی میں ایک کمیونٹی سکول کی بنیاد رکھی گئی ہے جہاں کلاس ششم تک تقریباً 65 طلباء و طالبات تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

### بینک تفصیلات

اکاؤنٹ ٹائٹل: الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اکاؤنٹ نمبر: 200126818
اکاؤنٹ ٹائپ: PKR
برانچ کوڈ: 1739 سوئفٹ کوڈ: UNILPKKA
آئی بی این: PK65UNIL0109000200126818
بینک: یونائٹڈ بینک لمیٹڈ F-8 مرکز برانچ، اسلام آباد
آن لائن عطیات www.alhudapk.com/donate

# دُور دنیا کا میرے دم سے اندھیرا ہو جائے۔۔۔

الہدیٰ اپنے مشن کی تکمیل کے لئے ابلاغِ عامہ کے جدید ذرائع مؤثر طریقے سے استعمال کر رہا ہے۔

### وٹس ایپ گروپس

• رمضان المبارک میں دورہ قرآن سے استفادہ کے لئے 92 نئے گروپس کا اضافہ ہوا جس سے طلباء و طالبات کی تعداد 8000 تک پہنچ گئی۔ بعد ازاں ان گروپس کو قرآن کی تفسیر گروپس میں شامل کر لیا گیا ہے۔

### ویب سائیٹ

• الہدیٰ آسٹریلیا نے اپنی ویب سائیٹ alhudaaustralia.com لانچ کی ہے۔

• alhudaus.com کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔

### سوشل میڈیا کے ذریعے کورسز

• ریجنز آفس اسلام آباد کے تحت ہونیوالے سوشل میڈیا کے ذریعے کورسز میں یوگینڈا اور سوئٹزرلینڈ سے طلباء و طالبات کے دو گروپس نے قرآن کورس میں داخلہ لیا ہے۔

### پشتو ترجمہ

الہدیٰ خیبر پختون خواہ کی زیرِ نگرانی، استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی کتاب "شہرِ رمضان" کا پشتو زبان میں ترجمہ شائع کر دیا گیا ہے۔

### ٹیلی گرام چینلز پر سپیشل دعا کارڈز

اس سال استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے دورہ قرآن کے دوران ہر پارے سے "آج کی دعا" کے نام سے ایک دعا منتخب کی جن کو خوبصورت دعا کارڈز کی شکل دی گئی اور ٹیلی گرام چینل اور فیس بک پر پوسٹ کیا گیا جس سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے۔ ان کارڈز کو اس چینل پر دیکھا جا سکتا ہے: http://t.me/AajkiDuaDQ2017



پشاور ائیر پورٹ پر الہدیٰ کی حج مطبوعات کی مفت تقسیم




### الہدیٰ کی نئی مطبوعات

القرآن تدبر و عمل سورۃ الملک
البقرہ (Pinnacle of the Qur'an) لفظی ترجمہ کے ساتھ
قرض سے نجات کی دعائیں کارڈ (انگریزی ترجمہ)
شفا کی دعائیں کارڈ (انگریزی ترجمہ)
تسبیحات اور ان کی فضیلت (کارڈ)

# علمی سرگرمیاں

## کانووکیشن تقریبات

**کراچی:** 10 مئی کو الھدیٰ کراچی ریجن کا دسواں کانووکیشن رنگون والا ہال میں منعقد ہوا۔ اس تقریب میں 653 کامیاب طالبات نے سرٹیفکیٹ وصول کیے۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے طالبات کی حوصلہ افزائی کی اور صحیح البخاری پر مشتمل ایمان افروز لیکچر سے حاضرین کو مستفید کیا۔

**لاہور:** 18 اگست کو الھدیٰ لاہور ریجن کا کانووکیشن PC ہوٹل میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر ایک پریزینٹیشن کے ذریعے الھدیٰ لاہور ریجن کی بیس سالہ کارکردگی پر مبنی رپورٹ پیش کی گئی جس میں بتایا گیا کہ 1997 میں گرمانی ہاؤس میں قائم ایک برانچ سے شروع ہونے والا یہ علمی سفر رفتہ رفتہ ترقی کی منازل طے کرتا ہوا 20 سالوں میں الحمدللہ 16 برانچز کے قیام تک پہنچ چکا ہے۔ اس کے علاوہ صوت القرآن کلاسز، بچوں کی کلاسز، کمیونٹی سکولز کا قیام اور دیگر تعلیمی وفلاحی سرگرمیاں کامیابی کے ساتھ جاری وساری ہیں۔ اس موقع پر کامیاب طالبات نے اپنے تاثرات بھی پیش کیے آخر میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے کامیاب طالبات کو مبارک باد پیش کی اور "استقامت" کے موضوع پر لیکچر دے کر سند یافتہ طالبات کو استقامت اختیار کرنے پر اُبھارا۔



**اسلام آباد:** 25 اور 26 اگست کو الھدیٰ مین کیمپس اسلام آباد میں ریجنز کا دو روزہ کانووکیشن منعقد ہوا۔ اس تقریب میں پاکستان کے مختلف ریجنز کی کامیاب طالبات نے شرکت کی۔ طالبات نے اپنے تجربات و تاثرات پیش کیے۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے عشرۂ ذوالحجہ کی اہمیت اجاگر کی اور صحیح البخاری کے باب "کتاب المغازی" سے احادیث پڑھا کر حاضرین کے علم کو جلاء بخشی۔ گوجرانوالہ سے آنے والی ایک ہونہار طالبہ مبین نے بتایا کہ انہوں نے مشکلات کے باوجود کس طرح اپنے علمی سفر کو جاری رکھا اور اپنی علمی قابلیت کو بڑھاتی رہیں۔ صرف چار ماہ کے مختصر عرصے میں قرآن مجید حفظ کیا۔ واہ کینٹ سے صائمہ رفعت نے اپنے علاقے میں تعلیمی وفلاحی کاموں میں کی جانے والی کوششوں کو مؤثر انداز میں پیش کیا۔ طالبات وسٹاف ممبران نے اس دوروزہ پروگرام سے بہت کچھ سیکھا اور نئے جذبے کے ساتھ اپنے علاقوں میں مصروفِ عمل ہیں۔

## سمر کورسز

پاکستان میں الھدیٰ کے تمام ریجنز کے تحت سمر پروگرامز کا اہتمام کیا گیا۔ یہ کورسز بچوں اور نوجوانوں کے لئے انگلش اور اردو میں کروائے گئے جن میں شرکاء نے بہت دلچسپی ظاہر کی۔ بچوں کے والدین الھدیٰ کے بہت شکرگزار تھے کہ بہترین ماحول میں بچوں کی اسلامی تربیت اہتمام کر کے چھٹیوں کے دن کارآمد بنائے گئے۔



## قرآن کی تعلیم (پشتو زبان میں)

اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت سے مردان میں الھدیٰ کی برانچ قائم کر دی گئی ہے جہاں پشتو زبان میں قرآن مجید کی تعلیم دی جاتی ہے۔ پشتو زبان بولنے والی سٹاف ممبران، ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے پڑھائے گئے اسباق کو پشتو میں ترجمہ کر کے طالبات کو تعلیم دیتی ہیں۔

## قرآن کی کرنیں (آسٹریلیا میں)

اس سال آسٹریلیا میں الھدیٰ کی دونئی برانچز کے قیام سے ان کی تعداد تین ہوگئی ہے جن میں اردو اور انگلش زبان میں قرآن کورسز کروائے جا رہے ہیں۔ رمضان المبارک میں ان تمام برانچز میں افطاری کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد مسلم کمیونٹی کو الھدیٰ سے متعارف کروانا تھا۔ سٹاف ممبران نے آسٹریلیا میں مختلف شہروں کا دورہ بھی کیا اور مختلف اسلامک سکولز میں الھدیٰ کو متعارف کروایا۔

## حج تربیتی پروگرام

گزشتہ برسوں کی طرح اس مرتبہ بھی الھدیٰ کی تمام برانچز میں حج پر جانے والوں کے لئے تربیتی / عملی ٹریننگز کا انعقاد کیا گیا جس میں شرکاء نے سنت رسول ﷺ کے مطابق حج کے طریقے سیکھے۔ شرکاء کی سہولت کے لئے اسپیشل سٹالز بھی لگائے گئے جن پر حج سے متعلق مطبوعات کے علاوہ احرام اور دیگر اشیاء مناسب قیمت پر دستیاب کی گئیں۔ شرکاء بہت خوش اور مطمئن تھے اور الھدیٰ کی ٹیچرز کے لئے خصوصی دعائیں کر رہے تھے۔ ایک خاتون نے کہا "دو سے تین گھنٹے کی اس ورکشاپ سے مجھے بہت سے سوالوں اور الجھنوں کا جواب مل گیا ہے اور ہر چیز اچھی طرح سمجھ آ گئی ہے"۔ ملتان اور خیبر پختونخواہ میں بھی الھدیٰ کی زیرنگرانی حاجی کیمپس میں ٹریننگز کے ساتھ سٹالز بھی لگائے گئے نیز ایئرپورٹ پر حج سے متعلق کتب اور پمفلٹس مفت تقسیم کیے گئے۔

## قرآن سب کے لئے۔۔AIS کا نیا قدم

الھدیٰ انٹرنیشنل سکول (AIS) نے گورنمنٹ سکول، جی ایٹ سیکٹر اسلام آباد میں 15 اگست سے مانٹیسوری کلاس کی بنیاد رکھی ہے۔ اس کلاس کو شروع کرنے کا مقصد، بچوں کو اعلیٰ معیار کی دینی اور دنیوی تعلیم سے آراستہ کرنا ہے۔ اس کلاس کو مجوزہ معیار کے مطابق ترتیب دینے کیلئے تمام اخراجات، AIS نے خود برداشت کیے ہیں۔ اس کے علاوہ قابل ٹیچرز، بچوں کیلئے کتابیں، کاپیاں اور اسٹیشنری بھی فراہم کی گئی ہے۔ الھدیٰ انٹرنیشنل سکول کا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی طرف یہ پہلا قدم اور ایک عمدہ مثال ہے۔


## ATEC کے تحت ٹریننگز کا اہتمام

الھدیٰ ٹیچر ایجوکیشن سینٹر اسلام آباد کے تحت مندرجہ ذیل موضوعات پر ٹریننگز کا اہتمام کیا گیا۔

- مونٹیسوری ایکٹیوٹیز ایٹ ہوم (مونٹیسوری سرگرمیوں کا گھروں میں اہتمام)
- سٹاف ڈسپلن
- مونٹیسوری سرٹیفکیٹ کورس

## کاروانِ علم ہے رواں دواں۔۔۔

اپنے مشن کی تکمیل اور علم کی روشنی ہر سو پھیلانے کا عزم لئے استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے اندرون اور بیرون ملک دوروں میں مختصر دورانیے کے اسلامی کورسز کروائے اور مفید موضوعات پر لیکچرز بھی دیے، جن سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے۔




- جدّہ : "بیمار دل کی علامات" لیکچر، الھدیٰ جدّہ برانچ دارِ اُم سلیم (26 جون)
- کراچی : "کتاب مکائد الشیطان" پر مبنی تین روزہ کورس، الھدیٰ انسٹیٹیوٹ خیابان سحر، (1 تا 5 اگست)
  کتاب "رب ذدنی علما" پر مبنی تین روزہ کورس، الھدیٰ انسٹیٹیوٹ خیابان سحر، (7 تا 9 اگست)
  تکمیل قرآن پر الھدیٰ انسٹیٹیوٹ خواتین کلب میں "استقامت" کے موضوع پر لیکچر، (10 اگست)
- سری لنکا: تکمیل قرآن پر الھدیٰ انسٹیٹیوٹ میں "**شکرگزاری**" کے موضوع پر لیکچر، (12 اگست)
- لاہور: "**سورۃ الملک حفظ، تفسیر وتدبر**" پر دوروزہ سیشن، گورمے مارکی گلبرگ، (16 اور 17 اگست)
- سیالکوٹ: "**تم کب توبہ کرو گے**" لیکچر، گریس بینکوئٹ ہال کشمیر روڈ، (19 اگست)
- گجرات: "**مقصد زندگی**" لیکچر، سرینا میرج ہال علی پور روڈ، (20 اگست)
- منڈی بہاؤالدین: "**شکر گزار بنئے**" لیکچر، بمقام کرسٹل میرج ہال پھالیہ روڈ (20 اگست)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الہدیٰ نیوز لیٹر

مئی تا ستمبر 2017ء ، شعبان تا ذوالحجہ 1438ھ | شمارہ 5

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

مشن: قرآن وسنت کی تعلیم کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

## حرمتِ انسانیت

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔

[صحیح البخاری: 9]



اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ہم پر احسانِ عظیم ہے کہ اس نے ہمیں سال کے مختلف ایام میں بے انتہا اجر وثواب کمانے کے بہت سے مواقع عطا فرمائے ہیں۔ رمضان المبارک کے بعد ذوالقعدہ سے محرّم تک مسلسل تین مہینے حرمت والے ہیں، لہذا ان مہینوں میں خصوصی طور پر حرمتوں کا پاس رکھنا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ، دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ [صحیح مسلم : 6541]

"ایک مسلمان کی ہر چیز دوسرے مسلمان پر حرام ہے اس کا خون اور اس کا مال اور اس کی عزت وآبرو"۔

ذوالحجہ کے پہلے دس دنوں میں کیے گئے نیک اعمال سال کے باقی دنوں میں کیے گئے نیک اعمال سے افضل ہیں۔ ان ایام میں ایک طرف حج جیسی عظیم عبادت ہے اور دوسری طرف یومِ عرفہ کا روزہ اور قربانی کا اہتمام، جس سے ایک مسلمان اپنے رب کا قرب حاصل کرتا ہے۔ ان حرام مہینوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ "(ان مہینوں میں اپنے اوپر ظلم نہ کرو)۔ یعنی ان مہینوں میں ایسے کام نہ کیے جائیں جو ہمارے گناہوں میں اضافے کا سبب بن جائیں۔ اسلامی سال کا آغاز محرّم الحرام کے مہینے سے ہونے والا ہے جس کے نام سے ہمیں یہ پیغام ملتا ہے کہ سال کا آغاز اگر احترامِ انسانیت سے ہوگا تو سال کے باقی ایام میں بھی ہمارے تعلقات اور معاملات میں باہمی احترام کی روح پائی جائے گی۔ نیز نئے سال کی آمد ہمیں اپنا محاسبہ کرنے کی دعوت بھی دیتی ہے۔ عقل مند وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرے اور مرنے کے بعد کام آنے والے نیک عمل میں جلدی کرے۔ لہذا اس عہد کے ساتھ ہمیں اپنے احوال کی اصلاح کرنی ہے کہ ہم نے معاشرے میں احترام کی فضا کو رواج دینا ہے۔ نفرتوں اور عداوتوں کو ختم کرنا ہے۔ کوئی میرا احترام کرے یا نہ کرے، مجھے دوسروں کا احترام کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

## اہم خبریں

- **اجتماعی قربانی:** آپ سب کے تعاون سے الہدیٰ نے اس سال بھی عیدالاضحیٰ کے موقع پر اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا۔ تفصیلات اندرونی صفحات پر۔
- **الہدیٰ لاہور ریجن کے 20 سال مکمل:** اس موقع پر لاہور میں سالانہ کانووکیشن کا انعقاد ہوا جس میں بیس سالہ کارکردگی پر مبنی رپورٹ پیش کی گئی۔ تفصیلات اندرونی صفحات پر۔
- **الہدیٰ انسٹیٹیوٹ کراچی کیمپس کا افتتاح**



استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے 13 مئی 2017ء کو "خوش آمدید رمضان" لیکچر سے الہدیٰ انسٹیٹیوٹ DHA کراچی کیمپس کا افتتاح کیا، الحمدللہ اسی روز سے اس نئی تعمیر شدہ عمارت میں تعلیمی وفلاحی سرگرمیوں کا آغاز ہو گیا ہے۔ رمضان المبارک میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے دورہ قرآن کی ایمان افروز مجالس میں خواتین نے بھرپور شرکت کی۔

معزز قارئین،

السلام علیکم و رحمة اللہ و برکاته

الحمدللہ نیوز لیٹر کا تازہ شمارہ نئی خبروں کے ساتھ پیشِ خدمت ہے۔ الہدیٰ میں گزشتہ چار ماہ ہر لحاظ سے مصروف گزرے۔ ان ہی ایمان افروز تقریبات اور سرگرمیوں کی خبریں ہم آپ تک پہنچا رہے ہیں۔ آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ رمضان المبارک میں دورۂ قرآن کی مجالس میں خاطر خواہ اضافہ ہوا جس سے اللہ تعالیٰ کا پیغام مزید لوگوں تک پہنچانے کا موقع ملا، نیز مستحقین میں رمضان راشن کی تقسیم اور افطار کا اہتمام بھی کیا گیا۔ کراچی، اسلام آباد اور لاہور میں کانووکیشن اور دیگر مقامات پر تکمیل قرآن کی تقریبات ہوئیں، جن میں کثیر تعداد میں طالبات فارغ التحصیل ہوئیں۔ طالبات کو ان تقریبات میں ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی شرکت، اور بہت سے اہم موضوعات پر ایمان افروز لیکچرز سے مستفید ہونے کا موقع ملا۔ خدمت انسانیت جو ہمارا اوّلین نصب العین ہے، اس میں بھی آپ کے تعاون سے فلاح وبہبود کے بہت سے اقدامات کئے گئے۔ ابلاغ عامہ کے ذرائع کو زیادہ مؤثر طور پر استعمال کیا گیا۔ دعا ہے کہ الہدیٰ اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور آپ سب کے تعاون سے اسی طرح اپنی خدمات انجام دیتا رہے۔ آمین۔

آپ کی آراء ہمارے لئے قابل قدر ہیں اور ہمارے کام کو بہتر بنانے کے لئے ضروری بھی۔ آپ اس ای میل ایڈریس پر ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں: newsletter@alhudapk.com

طاہرہ خان